سوال

(137) کیا مسجد بنانے والے کی ملکیت باقی رہتی ہے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

اگر کسی ایک امام کا مقلد بادشاہ ہو یا کوئی اور مسجد بنا دے تو وہ مسجد بنانے والے کی ملکیت میں باقی رہتی ہے یا نہیں ؟ اور ہر مسجد میں ہر مسلمان اپنے طور پر مشروع پر مستحق نماز پڑھنے کا بیک وقت و بیک جماعت ہے یا نہیں ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مسجد بنانے والے کی ملکیت میں نہیں رہتی اور اس میں سب مسلمان بطور شروع نماز ادا کر سکتے ہیں ، اور اک وقت اور ایک جماعت سے بھی پڑھ سکتے ہیں ، مگر ایک ساعت ایک ہی مسجد میں دو جماعت نہیں پڑھ سکتے ۔ (اہل حدیث سوہدرہ جلد نمبر ۸ ش نمبر ۳۸)

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

جلد 02